# گھریلو تشدد، جنسی جرائم، یا چھیڑخانی کے متاثرین کو امتیازی سلوک کے خلاف دستیاب تحفظات

## اپنے حقوق اور واجبات کو جانیں

**نیویارک سٹی کمیشن برائے انسانی حقوق نیویارک کے باشندوں کو نیو یارک سٹی کے حقوق انسانی قانون کے تحت اپنے حقوق اور واجبات سے آگاہ کرنے کا ایک وسیلہ ہے۔**

**انسانی حقوق کے قانون سے ملازمین، ملازمت کے لیے درخواست دہندگان، کرایہ داروں، اور رہائش کے طلب گار افراد کو اس بناء پر امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ فراہم ہوتا ہے کہ وہ "گھریلو تشدد، جنسی جرائم یا چھیڑخانی کے متاثرین" ہیں۔**

**گھریلو تشدد** میں خاندان کے فرد، قریبی ساتھی، یا گھرانے کے کسی رکن کی طرف سے سرزد ہونے والی تشدد کی کارروائیاں اور دھمکیاں شامل ہیں۔[1] ان کارروائیوں یا دھمکیوں میں جسمانی حملہ، زبانی گستاخی، یا معاشی استحصال شامل ہوسکتا ہے۔[2]

**جنسی جرائم** اور **چھیڑخانی** سے مراد ایسی کارروائیاں ہیں جو NYS کی تعزیرات کے آرٹیکل 130 کی خلاف ورزی یا NYS کی تعزیرات کے سیکشن 120.45، 120.50، 120.55، یا 120.60 کی خلاف ورزی شمار ہوتی ہوں۔

## یہ بات نیویارک شہر کے انسانی حقوق سے متعلق قانون کی خلاف ورزی شمار ہوتی ہے جب:

- مکان مالکان، پراپرٹی کے منیجر، رئیل اسٹیٹ بروکرز، اور رہائش سے متعلق فیصلے کرنے والے دیگر افراد رہائش کے متلاشی درخواست دہندگان، یا موجودہ کرایہ داروں کے ساتھ متاثرہ کے بطور ان کی حیثیت کی بناء پر امتیازی سلوک کریں۔
- آجرین اپنے ملازمین یا ملازمت کے درخواست دہندگان کے ساتھ متاثرہ کے بطور ان کی حیثیت کی بناء پر امتیازی سلوک کریں۔
- آجرین ایسے افراد کو مناسب رہائش فراہم کرنے میں ناکام رہیں جن کو گھریلو تشدد، جنسی جرائم، یا چھیڑخانی کا سامنا کرنا پڑا ہو۔ آجروں کو معاون بات چیت میں مشغول ہونا چاہیے اور مناسب رہائش فراہم کرنا چاہیے الا یہ کہ ایسا کرنے سے کوئی غیر ضروری مشقت کی صورتحال پیدا ہو جائے۔

## کون لوگ تحفظ یافتہ ہیں؟

**کام کے مقام پر**: نیو یارک شہر میں 4 یا زیادہ ملازمین کے آجر یا ایک یا زیادہ گھریلو نوکروں کے آجر، یا ایسی پوزیشن کے لیے درخواست دینے والے کے لیے کام کرنے والا کوئی بھی متاثرہ شخص۔

**رہائش گاہ میں**: نیو یارک شہر میں اقامت پذیر یا رہائش تلاش کرنے والا کوئی بھی متاثرہ شخص، الا یہ کہ رہائش گاہ درج ذیل نوعیت کی ہو:

- دو کنبے کا گھر جو مالک کے زیر قبضہ ہو اور رہائش کے لیے یونٹ کی تشہیر نہیں کی گئی ہو یا
- کسی رہائش گاہ کا ایک کمرہ یا وہ کمرے جہاں مالک یا مالک کا کنبہ بھی رہتا ہو۔

*امیگریشن کی حالت سے قطع نظر ان تحفظات کا اطلاق ہوتا ہے۔*

## ممنوعہ طرز عمل میں یہ شامل ہیں:

**کام کے مقام پر:**

---

[1] "گھریلو تشدد کے شکار" کی اصطلاح سے مراد وہ شخص ہے جس کو تشدد کی ان کارروائیوں یا دھمکیوں کا نشانہ بنایا گیا ہو، جن میں اپنے ذاتی دفاع کی وہ کارروائیاں شامل نہیں ہیں جو متاثرہ شخص کے موجودہ یا سابق شریک/شریکہ حیات کی طرف سے سرزد ہوئی ہوں، ایسے شخص کے ذریعہ جس کے ساتھ متاثرہ کا کوئی بچہ پیدا ہوا ہو، کسی ایسے شخص کے ذریعہ جو متاثرہ کے ساتھ رہتا ہو یا اس کے ساتھ رہ چکا ہو، کسی ایسے شخص کے ذریعہ جس کے ساتھ متاثرہ کے رومانوی یا قریبی نوعیت کے سماجی تعلقات رہے ہوں یا جس کے ساتھ مسلسل تعلق قائم ہو، یا ایسے شخص کے ذریعہ جو متواتر طور پر یا وقفے وقفے سے اسی گھر میں اقامت پذیر ہو یا رہ چکا ہو جس میں متاثرہ فرد اقامت پذیر ہے۔ NYC کا انتظامی کوڈ § 8-102.

[2] معاشی استحصال میں ایسی کارروائیاں یا کوتاہیاں شامل ہیں جو کسی شخص کے زیر ملکیت معاشی وسائل کو استعمال کرنے یا برقرار رکھنے، یا معاشی وسائل حاصل کرنے کی صلاحیت کو کنٹرول کرے، اس میں رکاوٹ یا مداخلت کرے، بشمول ان کارروائیوں کے جو زبردستی، جعلسازی، دھوکہ دہی، یا ہیرا پھیری کے ذریعے انجام دی جائیں۔ NYC کا انتظامی کوڈ § 8-102.

- گھریلو تشدد، جنسی جرائم، یا چھیڑخانی کا سامنا کرنے والے ملازم کو کام کے مقام پر خلل پڑنے کے خدشات کے سبب ملازمت سے برخاست کرنا۔
- معاون بات چیت کرنے میں ناکام ہونا یا مناسب رہائش فراہم کرنے میں ناکام ہونا- اگر ایسا کرنے سے غیر ضروری مشکلات پیدا نہ ہوں- جیسے کہ لچکدار ٹائم یا چھٹی، حفاظتی وجوہات سے ملازم کے کام کی جگہ تبدیل کرنا، یا اس کے رابطے کی معلومات کو تبدیل کرنا۔ گھریلو تشدد، جنسی جرائم، یا چھیڑخانی کے اثرات سے نمٹنے میں، خواہ عدالتوں کے ذریعہ یا مالیاتی اداروں کے ذریعہ ہو، اس طرح کا وقت یا لچکدار اوقات کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

**رہائش گاہ میں:**

- کسی متاثرہ شخص کو صرف اس وجہ سے واپس لوٹانا کیونکہ اس کو اپنے سابق رفیق/رفیقہ کے خلاف تحفظ کا حکم ملا ہوا ہے۔
- اس صورت میں کسی متاثرہ شخص کو کم کریڈٹ اسکور کی وجہ سے لیز دینے سے انکار کرنا جب وہ یہ دکھا سکتے ہوں کہ یہ بدسلوک ساتھی کے جبر کی وجہ سے ہوا ہے۔
- اپارٹمنٹ سے کسی متاثرہ شخص کو اس لیے بے دخل کرنا کیونکہ گھریلو تنازعات کے سبب پولس کو بلایا گیا ہے۔
- متأثرین کو باقاعدگی سے فراہم کی جانے والی کرائے کی امداد قبول کرنے سے انکار کرنا۔ مکان مالکان ہاؤسنگ واؤچرز لینے سے انکار نہیں کر سکتے ہیں، جن میں سیکشن 8 اور CityFHEPS، اور دیگر شامل ہیں۔

اگر آپ امتیازی سلوک کی اطلاع دینا چاہتے ہیں تو کمیشن برائے انسانی حقوق میں **212-416-0197** پر کال کریں یا ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ آپ شکایت درج کرا سکتے ہیں یا گمنام اطلاع دے سکتے ہیں۔ اگر رہائش فراہم کنندہ یا آجر انسانی حقوق کے قانون کی خلاف ورزی کرے، تو آپ رہائش گاہ یا روزگار کے مواقع حاصل کرنے کے مستحق ہو سکتے ہیں یا نقصانات کا معاوضہ پا سکتے ہیں۔ متعلقہ ادارے کو اپنی پالیسیوں میں تبدیلی اور جرمانہ بھی ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔

کرایہ دار یا ملازم کے طور پر اپنے حقوق کے بارے میں جاننے یا ان سے متعلق مفت ورکشاپ میں رجسٹریشن کرنے کے لیے، یا آجر یا رہائش فراہم کنندہ کی حیثیت سے اپنے واجبات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

اگر آپ فی الحال گھریلو تشدد کا سامنا کر رہے ہیں، تو گھریلو اور صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے کے میئر کے دفتر کی ہاٹ لائن **800-621-HOPE** پر رابطہ کریں۔ NYC HOPE کی رسورس ڈائریکٹری *میں مزید وسائل دستیاب ہیں۔*

NYC میں بحفاظت معاوضہ کی ادائیگی اور بیماری کی چھٹی کے بارے میں جاننے کے لیے، اس ویب سائٹ کو ملاحظہ کریں۔